روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

سوموار 6۔اپریل 2015ء 16 جمادی الثانی 1436 ہجری 6 شہادت 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 78

سب چل بسے

اے عزیزو! سوچ کر دیکھو ذرا موت سے بچتا کوئی دیکھا بھلا
یہ تو رہنے کا نہیں پیارو مکاں چل بسے سب انبیاء و راستاں
ہاں نہیں پاتا کوئی اس سے نجات یوں ہی باتیں ہیں بنائیں واہیات

(درثمین)

اخلاق عالیہ رفقاء حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت بھائی عبدالرحمٰن صاحب قادیانی حضرت مسیح موعود کے جنازے کو قادیان لے جانے کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''میں حضرت (اماں جان) کے رتھ کے دائیں بائیں اور آگے پیچھے اس مصیبت کی تکلیف اور درد و رنج کو ہلکا کرنے اور بٹانے کی نیت و کوشش اور اظہار ہمدردی، نیازمندی وعقیدت کے جذبات سے لبریز دل کے ساتھ پیدل چلا آرہا تھا اور سیدہ طاہرہ بھی میری دلی کیفیات سے متاثر ہوکر گاہ گاہ دنیا کی ناپائیداری و بے ثباتی اور خدائے بزرگ و برتر کی بے نیازی کے تذکرے فرماتیں، دعا میں مشغول، خدا کی یاد اور اس کے ذکر میں مصروف چلی آرہی تھیں۔آپ کے صبر و شکر اور ضبط و کظم کا یہ عالم تھا کہ غمزدہ خادموں اور دردمند غلاموں کو بار بار محبت بھرے لہجہ میں نصیحت فرماتیں اور تسلی دیتی تھیں۔سیدہ مقدسہ کا ایک فقرہ اور درد بھرا لہجہ اپنی بعض تاثیرات کے باعث کچھ ایسا میرے دل و دماغ میں سمایا کہ وہ کبھی بھولتا ہی نہیں اور ہمیشہ دل میں چٹکیاں لیتا رہتا ہے جو آپ نے اسی سفر میں نہر کے پل سے آگے نکل کر جب آپ کی نظر قادیان کی عمارتوں پر پڑی، اس سوز اور رقت سے فرمایا کہ میں پھوٹ پھوٹ کر رونے اور سسکیاں لینے لگا۔آہ وہ فقرہ میرے اپنے لفظوں میں یہ تھا کہ:

''بھائی جی چوبیس برس ہوئے جب میری سواری ایک خوش نصیب دلہن اور سہاگن کی حیثیت میں اس سڑک سے گزر کر قادیان گئی تھی اور آج یہ دن ہے کہ میں افسردہ وغمزدہ بحالت بیوگی انہی راہوں سے قادیان جا رہی ہوں۔'' (سیرت المہدی جلد دوم حصہ پنجم صفحہ 428)

حضرت اقدس کی وفات کے بعد حضرت اماں جان قدرت ثانیہ کی الٰہی بشارات کے مطابق آپ اس کے ظہور پر ایمان رکھتی تھیں چنانچہ جہاں دیگر افراد جماعت کے ذہنوں میں حضرت مولانا نورالدین صاحب کا نام خلافت کے انتخاب کے لیے جوش مار رہا تھا وہاں آپ کا دل بھی اسی نام پر متفق تھا۔حضرت نواب محمد علی خان صاحب ظہورِ قدرت ثانیہ کے دن کا حال بیان کرتے ہوئے اپنی ڈائری میں لکھتے ہیں:

''....پھر خواجہ کمال (الدین) صاحب جماعت کی طرف سے حضرت (اماں جان) کے پاس تشریف لے گئے۔انہوں نے کہا مَیں کسی کی محتاج نہیں اور نہ محتاج رہنا چاہتی ہوں جس پر قوم کا اطمینان ہے، اس کو خلیفہ کیا جائے اور حضرت مولانا کی سب کے دل میں عزت ہے وہی خلیفہ ہونا چاہئے۔'' (رفقائے احمد جلد دوم۔از ملک صلاح الدین صاحب ایم اے)

جب خلافت اولیٰ کا انتخاب عمل میں آگیا تو خواتین میں سے آپ اوّل المبائعات تھیں چنانچہ اخبار بدر لکھتا ہے:

''مردوں کی طرح عورتوں نے بھی حضرت خلیفۃ المسیح مولوی نورالدین صاحب کی بیعت شروع کردی ہے اور سب سے اول بیعت کنندہ حضرت (اماں جان) بیوی صاحبہ تھیں۔'' (اخبار ''بدر'' 2 جون 1908ء صفحہ 7 کالم 1)

ظہور قدرت ثانیہ کے بعد آپ ساری زندگی اس نعمت الٰہی سے وابستہ رہیں اور خلیفہ وقت کی کامل اطاعت اور فرمانبرداری کا اعلیٰ نمونہ دکھایا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے جون 1912ء میں احمدیہ بلڈنگ لاہور میں خلافت کے موضوع پر اپنے خطاب میں فرمایا:

''......مرزا صاحب کی اولاد دل سے میری فدائی ہے......مَیں کسی لحاظ سے نہیں کہتا بلکہ مَیں امر واقعہ کا اعلان کرتا ہوں کہ ان کو خدا کی رضا کے لئے محبت ہے۔بیوی صاحبہ کے منہ سے بیسیوں مرتبہ میں نے سنا ہے کہ میں تو آپ کی لونڈی ہوں....مرزا صاحب کے خاندان نے میری فرمانبرداری کی ہے اور ایک ایک ان میں سے مجھ پر ایسا فدا ہے کہ مجھے کبھی وہم بھی نہیں آسکتا کہ میرے متعلق انہیں کوئی وہم آتا ہو......''

(اخبار ''بدر'' 4,11 جولائی 1912ء)

نفس کا دوغلا پن

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں۔

''جب ہم اپنی عملی حالتوں میں بیکسی، غربت اور بے ہنری کے اظہار پیدا کریں گے تو پھر ہی خدمت کا بھی حق ادا کرنے والے ہوں گے۔اور شاید ُاس سے دخل ہو دارالوصال' میں کی امید رکھنے والے بھی ہوں گے۔(براہین احمدیہ حصہ پنجم، روحانی خزائن جلد 21 صفحہ 18)۔اگر یہ نہیں تو ہم دعوے کی حد تک تو بے شک درست ہوں گے کہ زمانے کے امام کو مان لیا لیکن حقیقت میں زبانِ حال سے ہم دعوے کا مذاق اڑا رہے ہوں گے۔کسی غیر کی دشمنی ہمیں نقصان نہیں پہنچا رہی ہوگی بلکہ خود ہمارے نفس کا دوغلا پن' ہمیں رسوا کر رہا ہوگا۔اور اللہ تعالیٰ کی ناراضگی اس پر مستزاد ہے۔

پس خاص طور پر ہر اس شخص کو جس کو جماعت کی خدمت پر مامور کیا گیا ہے اپنے جائزے لینے کی ضرورت ہے اور عام طور پر ہر احمدی کو اپنا جائزہ لینا چاہئے کیونکہ حقِ بیعت زبانی دعووں سے اور صرف ماننے سے ادا نہیں ہوتا بلکہ عمل کی قوت جب تک روشن نہ ہو، کچھ فائدہ نہیں۔''

(روزنامہ الفضل 21 جنوری 2014ء)

کامیاب طلباء مستحق طلباء کو یاد رکھیں

مختلف کلاسوں کے رزلٹ نکل آئے ہیں اور طلباء خدا کے فضل سے اپنی اپنی کلاس سے پاس ہوکر اگلی کلاس میں چلے گئے ہیں۔نظارت تعلیم سب کامیاب ہونے والے طلباء / طالبات کو مبارکباد پیش کرتی ہے۔اب جبکہ آپ پاس ہوئے تو ایسے وقت میں اپنے مستحق طلباء کو بھی یاد رکھیں۔حضور انور فرماتے ہیں۔

''طلبہ کی امداد کا ایک فنڈ ہے تعلیم بھی بہت مہنگی ہوچکی ہے اگر طلبہ اور والدین بچوں کے پاس ہونے کے موقع پر اس مد میں بھی رقم دیں تو کئی مستحق طلبہ کی مدد ہوسکتی ہے۔''

(الفضل انٹرنیشنل 26/اکتوبر 2007ء)

اس کارخیر میں بچے اور والدین حصہ لیں اور اپنی رقوم سیکرٹریان مال کو جمع کروائیں۔

(نگران امداد طلباء۔نظارت تعلیم ربوہ)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ....مطبع: ضیاء الاسلام پریس ....مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

رپورٹ: مکرم ناصر محمود پاشا صاحب

عالمی بے لوث خدمات کے 20 سال

ہیومینیٹی فرسٹ کی دو روزہ انٹرنیشنل کانفرنس 2015ء

اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کی نصائح

امسال 24 اور 25 جنوری 2015ء بروز ہفتہ و اتوار ہیومینیٹی فرسٹ نے بیت الفتوح سے ملحقہ ناصر ہال میں اپنی انٹرنیشنل کانفرنس کا انعقاد کیا۔ اس کانفرنس میں دنیا بھر کے 15 مختلف ممالک سے 130 نمائندگان نے شرکت کی۔ ان ممالک میں شمالی امریکہ، ماریشس اور فلپائن کے علاوہ یورپ اور مشرق وسطیٰ سے تعلق رکھنے والے چند ممالک بھی شامل تھے۔

یہ کانفرنس اس لحاظ سے اہمیت کی حامل ہے 1995ء میں ہیومینیٹی فرسٹ کی بنیاد رکھے جانے کے بعد سے اس تنظیم کو انسانی فلاح و بہبود سے متعلق اپنی خدمات کو جاری رکھے ہوئے بیس سال کا طویل عرصہ گزر چکا ہے۔ چنانچہ بیس سالہ خدمات کے حوالہ سے اس فلاحی تنظیم کی انٹرنیشنل کانفرنس کے لئے ایک خصوصی لوگو (Logo) اور تھیم (Theme) بھی جاری کیا گیا تھا۔ تھیم یہ تھا: "Work Smarter, Not Harder"۔ یعنی نئے زمانہ کے اطوار سیکھتے ہوئے اور نئی ایجادات کو استعمال کرتے ہوئے کم محنت سے زیادہ سے زیادہ بہترین نتائج حاصل کرنے کی کوشش کی جائے۔

ہیومینیٹی فرسٹ کے اس وقت دنیا بھر میں تین ہزار سے زیادہ رضا کار ہیں جن میں سے اکثر مختلف پیشہ وارانہ ذمہ داریاں ادا کرنے میں ماہر ہیں۔ یہ ماہرین طبّی میدان میں مہارت رکھنے کے علاوہ ٹیچرز، انجینئرز، اکاؤنٹنٹس، انسٹرکٹرز اور پراجیکٹ مینیجرز کے طور پر بھی خدمات بجالانے کی توفیق پارہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ''ہیومینیٹی فرسٹ'' کم سے کم خرچ کرتے ہوئے بہترین فلاحی خدمات پیش کرنے کی اہلیت رکھتی ہے۔ تاہم یہ بھی امر واقعہ ہے کہ اس تنظیم کو اپنے شاندار منصوبوں کو مزید وسعت دینے کے لئے اور مزید نئے منصوبوں کے اجراء کے لئے ابھی مزید وسائل درکار ہیں جنہیں مہیا کرنے کے لئے بہت زیادہ کوشش کرنے کی ضرورت ہے تاکہ غربت کے خلاف کامیاب جہاد کو جاری رکھا جاسکے۔

انٹرنیشنل کانفرنس 2015ء کا آغاز مکرم سید احمد یحییٰ صاحب کی افتتاحی تقریر سے ہوا جس میں انہوں نے مختلف ممالک سے تشریف لانے والے نمائندگان کا تعارف بھی کروایا۔ اس کے بعد بعض نمائندگان نے اپنے علاقوں میں جاری ہیومینیٹی فرسٹ کے مختلف منصوبوں اور انسانی خدمات پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ پاکستان میں ہیومینیٹی فرسٹ کے چیئرمین محترم ڈاکٹر محمد مسعود الحسن نوری صاحب نے اپنی ایک پُراثر اور جذباتی تقریر میں 2010ء کے سیلاب کے بعد تھرپارکر میں پیدا ہونے والے حالات کی تصویر کشی کی جس کے نتیجہ میں ہزاروں افراد موت کے منہ میں جاچکے ہیں۔ آپ نے ان فاقہ زدگان کو خوراک کی فراہمی اور متاثرین کی بحالی کے منصوبوں پر روشنی ڈالی۔ اس کے بعد مغربی افریقہ کے ملک مالی اور جنوبی امریکہ کے ملک گوئٹے مالا میں جاری منصوبوں کے بارہ میں مکرم منعم نعیم صاحب چیئرمین ہیومینیٹی فرسٹ یو ایس اے نے تفصیل سے بیان کیا۔ پھر زلزلہ زدہ ملک ہیٹی میں جاری منصوبوں پر ہیومینیٹی فرسٹ کی یو ایس اے برانچ سے تعلق رکھنے والے مکرم Clayton Bell صاحب نے روشنی ڈالی۔ اس کے بعد مکرم ڈاکٹر محمد اطہر زبیر صاحب چیئرمین ہیومینیٹی فرسٹ جرمنی نے مغربی افریقہ کے ملک بنین میں جاری منصوبوں کو تفصیل سے بیان کیا۔ اس کے بعد فلپائن میں سمندری طوفان کے بعد کی جانے والی متاثرین کی خدمات کا تفصیلی ذکر مکرم ڈاکٹر اسلم داؤد صاحب چیئرمین ہیومینیٹی فرسٹ کینیڈا نے کیا۔ پھر مکرم فاروق احمد خالد صاحب چیئرمین ہیومینیٹی فرسٹ مشرق وسطیٰ نے اپنے علاقہ میں تنظیم کی خدمات کو بیان کیا۔ اسی طرح مکرم رفیق چانن صاحب چیئرمین ہیومینیٹی فرسٹ اردن نے شام میں خانہ جنگی کی وجہ سے اُردن میں آنے والے مہاجرین کے لئے کی جانے والی ہیومینیٹی فرسٹ کی خدمات پر روشنی ڈالی۔ مکرم فضل احمد صاحب ڈائریکٹر پروگرام نے ''ایبولا وائرس'' کی تباہ کاریوں اور متأثرین کی امداد سے متعلق تازہ ترین صورتحال پیش کی۔ اسی طرح مکرم مرزا محمود احمد صاحب مینیجنگ ڈائریکٹر ہیومینیٹی فرسٹ نے آنکھوں کے آپریشن کی خصوصی سکیم Gift of Sight سے متعلق معلومات حاضرین کے سامنے رکھیں۔

اس سیشن کے بعد مختلف نمائندگان پر مشتمل پانچ مختلف گروپس تشکیل دیئے گئے۔ چونکہ ہیومینیٹی فرسٹ کے رضا کار مختلف النوع منصوبوں پر دنیا بھر میں کام کر رہے ہیں، چنانچہ اُن کے کام کو زیادہ مؤثر بنانے، اُن کی پالیسیوں کو تقویت دینے اور اُن کی کارکردگی کی سمت اور اہداف کو متعین کرکے دلجمعی اور یکجہتی کے ساتھ کام کو آگے بڑھانے کے لئے ضروری تھا کہ دنیا کے مختلف خطوں سے تعلق رکھنے والے یہ رضا کار ایک ہی سوچ کے ساتھ میدانِ عمل میں اتریں اور باہم بات چیت کے ذریعہ ایسی بہترین تجاویز مرتب کرسکیں جس کے نتیجہ میں کم سے کم وقت اور معمولی لاگت کے ساتھ عمدہ نتائج حاصل کئے جاسکیں۔ تشکیل دیئے جانے والے پانچ گروپوں کی کوآرڈینیشن مکرم ڈاکٹر شبیر احمد بھٹی صاحب وائس چیئرمین ہیومینیٹی فرسٹ نے کی۔

ان گروپوں کا تعلق درج ذیل شعبہ جات سے تھا:

1. Finance, Admin & Governance
2. Marketing & Fundraising
3. Disaster Response
4. Programmes & Operations
5. Medical Projects

پروگرام کے مطابق پانچوں گروپوں نے باہمی تبادلۂ خیال کے ذریعے دنیا کے مختلف ممالک میں قائم تنظیم ہیومینیٹی فرسٹ کے ڈھانچے کو جدید سائنسی طریق کار کے مطابق ایک ہی سانچے میں ڈھالنے کے لئے نہایت عمدہ تجاویز مرتب کرکے پیش کیں۔ ان تجاویز کا خلاصہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں منظوری کے لئے پیش کیا گیا ہے اور حضور انور کی منظور شدہ تجاویز پر عملدرآمد کے نتیجہ میں ہیومینیٹی فرسٹ کی کارکردگی میں نمایاں بہتری کی توقع کی جاسکتی ہے۔

حضور انور کا خطاب

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت اختتامی اجلاس میں بنفس نفیس تشریف لاکر نمائندگان سے اہم خطاب بھی فرمایا جس میں اُن کی خدمات پر مسرت کا اظہار کرنے کے بعد اُن کے لئے نئے اہداف بھی مقرر فرمائے۔

حضور انور نے اپنے خطاب میں فرمایا کہ انسانیت کی خدمت (دین حق) کی بنیادی تعلیم ہے اور ہیومینیٹی فرسٹ کی خدمات اسی تعلیم کا عملی اظہار ہیں۔ چنانچہ اس تنظیم کا نام بھی اس کے نصب العین کا آئینہ دار ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے خطاب کے آغاز میں حضرت اقدس مسیح موعود کا وہ اقتباس پڑھ کر سنایا جس میں حضرت اقدس فرماتے ہیں کہ کامل ایمان کے دو حصے ہیں۔ ایک خدا سے محبت کرنا اور دوسرا انسان سے اس قدر محبت کرنا کہ اُن کے مصائب اور تکالیف کو اپنے ہی مصائب اور تکالیف کی طرح خیال کرنا اور اُن کے دُور کرنے کے لئے کوشش اور دعا کرنا۔

حضور انور نے فرمایا کہ احمدی اپنا سر جھکا کر یہی عاجزانہ دعائیں کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں توفیق عطا فرمائے کہ وہ ہمدردی، اخلاص اور محبت کے ساتھ انسانیت کی خدمت بجالاسکیں۔ وہ خدا تعالیٰ سے ایسی بے غرضانہ محبت کے عطا ہونے کے لئے درخواست کرتے ہیں کہ جہاں وہ دوسروں کے درد اور بے قراری کو اپنے دل میں محسوس کرسکیں گویا یہ درد اور بے قراری اُن کو لاحق ہے۔ چنانچہ یہ بھی امر واقعہ ہے کہ حضرت مسیح موعود نے اپنے ارشادات میں احمدیوں کو بار بار بنی نوع انسان کی خدمت کرنے کی طرف توجہ دلائی ہے۔ حضرت مسیح موعود نے اپنے متبعین کو یہی تعلیم دی ہے کہ ایک قسم کا وقف (یعنی خدا تعالیٰ کی رضا کی خاطر اپنی زندگی کو وقف کرنا) وہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی مخلوق کی خدمت کی جائے اور اُن کے ساتھ محبت کا برتاؤ کیا جائے۔ لیکن یہ اُسی وقت ممکن ہے جب کوئی حقیقی بے غرضی کے ساتھ دوسروں کی محبت کی خاطر اُن کی خدمت بجالائے۔

حضور انور نے فرمایا کہ انسانیت کی خدمت کی حقیقی تعریف یہ ہے کہ دوسروں کی مشکلات دُور ہونے تک چین سے نہ بیٹھا جائے اور اُن کا بوجھ اپنے کاندھوں پر اٹھاکر اُنہیں آسانی اور راحت پہنچانے کی کوشش کی جائے اور اپنے آرام کی پرواہ کرنے کی بجائے دوسروں کی محبت میں اپنا دل ایسا بنالیا جائے کہ اُن کی خاطر ہر قربانی پیش کرنے کے لئے ہمہ وقت تیار رہا جائے۔

حضور انور نے فرمایا کہ ہماری تنظیم ہیومینیٹی فرسٹ کے ہر رضا کار کو یاد رکھنا چاہئے کہ یہ صرف اور صرف دعا سے ہی ممکن ہے کہ اُس کی کوششیں ثمر آور ہوجائیں۔ تمام مثبت نتائج صرف خدا تعالیٰ کے فضل کا ہی نتیجہ ہیں۔ یہی وجہ ہے ہیومینیٹی فرسٹ کی مساعی اس تنظیم کو مہیا کئے جانے والے فنڈز کے مقابلہ میں نمایاں طور پر زیادہ نظر آتی ہیں۔

حضور انور نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہیومینیٹی فرسٹ کو پہلے سے زیادہ توفیق عطا فرماتا چلا جائے کہ وہ اُس مخلصانہ روح اور انسانیت کی محبت کے ساتھ خدمت کرتے چلے جائیں جو حضرت اقدس مسیح موعود نے ہمارے اندر پیدا کی ہے۔ آمین

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا یہ خطاب انگریزی زبان میں تھا۔

حضور انور کے خطاب کے بعد ماحضر پیش کیا گیا اور اس طرح یہ کانفرنس کامیابی کے ساتھ اپنے اختتام کو پہنچی۔

(الفضل انٹرنیشنل 13 مارچ 2015ء)

مکرم نعمان احمد صاحب ظفر

مجلس شوریٰ کا بابرکت نظام

جو جماعت احمدیہ میں پوری شان سے قائم ہے

نظام شوریٰ وہ بابرکت نظام ہے جس کے بارے میں حضرت مصلح موعودؓ نے فرمایا ہے کہ بڑے بڑے ملکوں کے بادشاہ بھی ایک دور میں مجلس شوریٰ کا نمائندہ ہونے میں فخر محسوس کریں گے۔ اس ضمن میں ہماری ذمہ داری بڑھ جاتی ہے کہ ہم نظام شوریٰ کے اس نظام سے کس حد تک واقف ہیں۔ اس سلسلہ میں خاکسار نے مجلس شوریٰ کی نظام پر خلفائے سلسلہ کے ارشادات کی روشنی میں یہ چند سطور قلمبند کی ہیں۔

قرآن کریم میں نظام شوریٰ

قرآن کریم وہ آفاقی اور ابدی قانون ہے جو انسانی ضرورتوں کی تمام شاخوں کی آبیاری کرتا ہے یہ نہ صرف ہمارے لئے دینی وروحانی طور پر ترقی کی راہیں کھولتا ہے بلکہ معاشرتی امور کو بھی شریعت کی روشنی میں باہم مشورے سے طے کرنے کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے:

”اور جو اپنے رب کی آواز پر لبیک کہتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور ان کا امر باہمی مشورہ سے طے ہوتا ہے اور اس میں سے جو ہم نے انہیں عطا کیا خرچ کرتے ہیں۔“ (سورۃ الشوریٰ: 39)

نیز فرمایا:

”اور (ہر) اہم معاملے میں ان سے مشورہ کر۔ پس جب (تو) کوئی فیصلہ کرلے تو پھر اللہ پر توکل کر۔ یقیناً اللہ توکل کرنے والوں سے محبت رکھتا ہے۔“ (سورۃ آل عمران آیت: 160)

عہد نبوی میں شوریٰ

مدینہ میں اسلام سے قبل کسی مملکت کا کوئی وجود نہ تھا مختلف قبیلے بستے تھے اور ان میں سے ہر ایک کا اپنا اپنا دستور تھا جس میں نظم ونسق کا کوئی خاص اہتمام نہ تھا قبیلے کے سردار کی ذات میں ہی معاملات کا ارتکاز تھا۔ رسول کریم ﷺ نے وہاں جاکر ایک انتظام از سرنو بنایا۔ اس ضمن میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ فرماتے ہیں۔

”آنحضرت ﷺ کے اسوہ مبارک کو دیکھا جائے تو آپ کے زمانے کے حالات کے مطابق آپ نے دس پندرہ آدمیوں سے لے کر ایک ہزار تک شوریٰ بلائی۔ تاریخ نے آنحضرت ﷺ کے بعض ایسے مشورے بھی ریکارڈ کئے ہیں جن میں مشورہ دینے والے دس پندرہ آدمیوں سے زیادہ نہیں تھے اور بعض مواقع پر مشورہ دینے والے اس سے زیادہ تھے پس معلوم ہوا کہ دس پندرہ آدمیوں سے لے کر ایک ہزار تک آدمیوں سے مشورہ لینے کی سنت قائم کی۔“

(رپورٹ مجلس مشاورت 1967ص65)

پس رسول اللہ ﷺ کا یہ طریق تھا کہ جب بھی کوئی معاملہ درپیش ہوتا آپ صحابہ کو جمع فرماتے اور پیش آمدہ معاملہ کو بیان فرماتے۔ ایک بار آپ ﷺ نے فرمایا:

کہ اے لوگو! مجھے مشورہ دو۔

(سیرت ابن ہشام جلد 1 ترجمہ مولانا غلام رسول مہر ص 708)

اسی طرح اذان کے معاملہ کے وقت بھی مشورہ دیا گیا۔

پس مسلمانوں کا باہم مشورہ سے کسی فیصلے پر پہنچنا دین ودنیا میں باعث برکت ورحمت ہے اس لئے رسول اللہ ﷺ اس کثرت سے مشورہ لیتے تھے کہ حضرت ابوہریرہ روایت کرتے ہیں کہ

کہ میں نے آپ سے زیادہ آپ کے اصحاب سے کسی کو مشورہ کرنے والا نہیں پایا۔

(ترمذی کتاب فضائل الجہاد باب ماجاء فی المشورۃ)

عورتوں کا مشورہ

رسول اللہ ﷺ اجتماعی مشوروں میں مردوں کے علاوہ عورتوں کو بھی شامل فرماتے تھے۔ چنانچہ صلح حدیبیہ کے موقع پر جب رسول اللہؐ صحابہ کرام سے احرام کھولنے اور قربانی کرنے کا کہا تو مارے غم کے کوئی نہ اٹھا۔ آنحضرت ﷺ اس صورت حال کو دیکھ کر خاموشی سے اپنے خیمے کے اندر تشریف لے گئے۔ ام المومنین حضرت ام سلمہؓ نے جو اس موقع پر آنحضرت ﷺ کے ساتھ تھیں کہا یا رسول اللہ! آپ غم نہ کریں۔ صحابہؓ خدا کے فضل سے نافرمان نہیں ہیں مگر اس صلح کی شرائط نے انہیں غم سے دیوانہ بنا دیا ہے اس لئے میرا مشورہ یہ ہے کہ آپ ان سے کچھ نہ کہیں آپ خود احرام کھول دیں اور قربانی کے جانور کو ذبح کردیں صحابہ خود بخود آپ کی پیروی کریں گے چنانچہ آنحضرت ﷺ نے ایسا ہی کیا اور صحابہؓ نے دیوانہ وار اپنے جانور ذبح کرنے اور سر کے بال منڈوانے شروع کردیئے۔

(سیرت خاتم النبیینؐ صفحہ 770,769)

رسول کریم ﷺ کے زمانہ میں مشورہ کا طریق

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفاء تین طریق سے مشورہ لیتے تھے۔

1۔ جب مشورہ کے قابل کوئی معاملہ ہوتا تو ایک شخص اعلان کرتا کہ لوگ جمع ہوجائیں اس پر لوگ جمع ہوجاتے۔

2۔ دوسرا طریق مشورہ کا یہ تھا کہ وہ خاص آدمی جن کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مشورہ کا اہل سمجھتے ان کو الگ جمع کرلیتے ان سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مشورہ لیتے تھے۔ باقی لوگ نہیں بلائے جاتے تھے۔

3۔ تیسرا طریق یہ تھا کہ آپ کسی خاص معاملہ میں جس میں آپ سمجھتے کہ دو آدمی بھی جمع نہ ہونے چاہئیں علیحدہ علیحدہ مشورہ لیتے۔ پہلے ایک کو بلا لیا۔ اس سے گفتگو کرکے اس کو روانہ کردیا اور دوسرے کو بلا لیا۔

یہ تین طریق اپنے اپنے رنگ میں بہت مفید ہیں۔

عہد خلافت راشدہ میں شورائی نظام

حضرت اقدس رسول کریم ﷺ کے بعد خلفائے راشدین نے آنحضرت ﷺ کے اسوہ حسنہ کی پیروی میں اسلام کے شورائی نظام کو جاری رکھا۔ چنانچہ اس سلسلہ میں حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

”اختیارات سے کام چلانا بڑا نازک امر ہے اس لئے خلفاء راشدین نے اپنی خلافت کے زمانہ میں شوریٰ کو سچے دل سے اپنے ساتھ رکھا تا اگر خطا بھی ہوجائے تو سب پر تقسیم ہوجائے نہ صرف ایک کی گردن پر۔“

(مکتوبات حضرت مسیح موعود بنام حضرت نواب محمد علی خان صاحب مکتوبات احمدیہ جلد ہفتم حصہ اول صفحہ 52، رفقاء احمد جلد دوم صفحہ 1096)

حضرت ابوبکرؓ اسلام کے پہلے خلیفہ منتخب ہوئے تو آپ کی خلافت کا انتخاب صحابہ کرامؓ کے باہمی مشورہ سے عمل میں آیا تھا۔ پھر آپ نے اپنی خلافت کے دوران بھی قرآن کے اس قول پر عمل جاری رکھا۔ اسی طرح باقی خلفاء راشدین کے عہد مبارک میں بھی قرآن کے اس فرمان پر عمل ہوتا رہا۔

سیدنا حضرت مسیح موعود کے دور مبارک میں شوریٰ

حضرت اقدس مسیح موعود نے اہم دینی اور جماعتی امور میں صاحب الرائے احباب سے مشورہ لینے کی سنت قائم رکھی اور وقتاً فوقتاً عندالضرورت کبھی انفرادی طور پر اور کبھی اجتماعی طور پر مشورہ لینے کا انتظام فرمایا۔ اجتماعی مشورہ کی ایک مثال دسمبر 1891ء میں جماعت احمدیہ کے پہلے جلسہ سالانہ کے موقع پر سامنے آئی۔ جلسہ میں صرف 75 احباب شامل ہوئے۔ حضرت مسیح موعود نے اسی جلسہ سے مشاورت کا کام بھی لیا۔ چنانچہ جماعت احمدیہ کی اس پہلی مجلس مشاورت میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے بکثرت ظاہر ہونے والے نشانات کا ریکارڈ محفوظ کرنے کی تجویز پیش ہوئی۔

بعد ازاں 1892ء میں بذریعہ اشتہار جلسہ سالانہ کے جو اغراض ومقاصد بیان کئے گئے ان میں ایک غرض باہمی مشورہ کی بھی شامل تھی۔

اس اشتہار میں حضور نے یہ بھی فرمایا کہ اس موقع پر یہ بھی ضروری ہے کہ یورپ اور امریکہ کی دینی ہمدردی کے لئے تدابیر حسنہ پیش کی جائیں۔

آپ نے فرمایا کہ آئندہ بھی ہمیشہ اس سالانہ جلسہ کے یہی مقاصد رہیں گے کہ اشاعت اور ہمدردی ......امریکہ اور یورپ کے لئے احسن تجاویز سوچی جائیں اور دنیا میں نیک چلنی اور نیک نیتی اور تقویٰ اور طہارت اور اخلاقی حالات کے ترقی دینے اور اخلاق اور عادات دینیہ اور رسوم قبیحہ کو قوم سے دور کرنے کی تدابیر کی جائیں۔

ان اغراض کو پورا کرنے اور دیگر انتظامات کی غرض سے ایک کمیٹی بھی تجویز کی گئی۔

حضرت مسیح موعود نے جلسہ سالانہ 1892ء کے دوسرے دن 28 دسمبر 1892ء کو اشاعت دین کی اغراض کو پورا کرنے کے پیش نظر احباب جماعت کی مجلس شوریٰ منعقد کروائی جس کی روداد بیان کرتے ہوئے حضور فرماتے ہیں:

پھر اس کے بعد 28 دسمبر 1892ء کو یورپ اور امریکہ کی دینی ہمدردی کے لئے معزز حاضرین نے اپنی اپنی رائے پیش کی اور قرار پایا کہ ایک رسالہ جو اہم ضروریات (دین) کا جامع اور عقائد (دین) کا خوبصورت چہرہ معقولی طور پر دکھاتا ہو تالیف ہوکر اور پھر چھاپ کر یورپ اور امریکہ میں بہت سی کاپیاں اس کی بھیج دی جائیں۔ بعد اس کے قادیان میں اپنا مطبع قائم کرنے کیلئے تجاویز پیش ہوئیں اور ایک فہرست ان صاحبوں کے چندہ کی مرتب ہوگئی جو اعانت مطبع کے لئے بھیجتے رہیں گے۔ یہ بھی قرار پایا کہ ایک اخبار اشاعت اور ہمدردی (دین) کے لئے جاری کیا جائے اور یہ بھی تجویز ہوا کہ حضرت مولوی سید محمد احسن صاحب امروہی اس سلسلہ کے واعظ مقرر ہوں اور وہ پنجاب اور ہندوستان کا دورہ کریں۔ بعد اس کے دعائے خیر کی گئی۔ آئندہ بھی ہمیشہ اس سالانہ جلسہ کے یہی مقاصد رہیں گے کہ اشاعت (دین) اور ہمدردی......امریکہ اور یورپ کے لئے احسن تجاویز سوچی جائیں اور دنیا میں نیک چلنی اور نیک نیتی اور تقویٰ اور طہارت اور اخلاقی حالات کے ترقی دینے اور اخلاق اور عادات دینیہ اور رسوم قبیحہ کو قوم سے دور کرنے...... کی کوششیں اور تدبیریں کی جائیں۔“

(آئینہ کمالات اسلام روحانی خزائن جلد 5 صفحہ 615)

خلافت احمدیہ میں

امرھم شوریٰ بینھم

حضرت مسیح موعود کی وفات کے بعد خلافت کا انتخاب بھی شوریٰ بینھم کا ہی ایک روح پرور منظر تھا۔ جس میں حضرت مسیح موعود کے جنازہ میں شریک ہونے والے بیرون جات کے احباب قادیان کے تمام احمدی احباب اور صدر انجمن احمدیہ کے جملہ ممبران شریک ہوئے۔ ان سب حاضرین نے بالاتفاق حضرت الحاج حکیم نورالدین صاحب کو حضرت مسیح موعود کا پہلا جانشین تسلیم کیا۔

خلافت اولیٰ میں پہلا شورائی اجتماع جلسہ سالانہ 1908ء کے موقع پر 26 دسمبر کی رات بیت مبارک میں ہوا۔ اس اجلاس میں انجمن کے ممبران کے علاوہ جماعتوں کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ اس کانفرنس کا اہم موضوع یہ تھا کہ حضرت مسیح موعود کے جاری فرمودہ مدرسہ دینیہ کو آئندہ جاری رکھا جائے یا اسے بند کر دیا جائے۔

پھر خلافت اولیٰ کے بعد خلافت ثانیہ کے ابتدائی دور میں بھی قرآن کریم کے اس فرمان امرھم شوریٰ بینھم پر عمل ہوتا رہا۔ سالانہ بجٹ اور دیگر جماعتی امور میں مشاورت ہوتی رہی یہاں تک کہ جماعت احمدیہ میں مجلس شوریٰ کا باقاعدہ قیام ہو گیا۔

شوریٰ کا باقاعدہ قیام

اجتماعی مشاورت کا یہ سلسلہ باقاعدہ سالانہ صورت میں جاری نہیں کیا گیا تھا بلکہ خلافت ثانیہ کے آغاز تک ایسی مجلس حسب ضرورت بلائی جاتی رہی۔ 1922ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے پہلی مرتبہ باقاعدہ سالانہ مجلس مشاورت کا نظام قائم فرمایا۔ مجلس مشاورت کے اس باقاعدہ نظام کے اجراء کے بارہ میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں۔

''مجلس شوریٰ کا جو نظام جماعت احمدیہ میں اس طریق پر رائج ہے جو آج کل دیکھ رہے ہیں اس کا آغاز دراصل حضرت مصلح موعود نے 1922ء میں کیا۔ 1922ء میں پہلی بار باقاعدہ ایک انسٹیٹیوشن کے طور پر مجلس شوری وجود میں آئی اور بعد کے حالات نے ثابت کر دیا کہ بحیثیت انسٹی ٹیوشن اس کا وجود میں آنا نہایت ضروری تھا کیونکہ مالی معاملات ایسی نوعیت اختیار کر رہے تھے کہ جس کے نتیجہ میں محض اتفاقاً کبھی کسی سے مشورہ لینا کافی نہیں تھا بلکہ ساری جماعت کو جو چندہ دہندہ ہے اس کو اعتماد میں لینا اور ان امور پر فیصلوں میں ان کا مشورہ طلب کرنا ضروری تھا اور یہی مجلس شوری ہے جو اب برکت پا کر پھولتی پھلتی رہی اور اب خدا کے فضل سے بہت سے دنیا کے ممالک میں بعینہٖ اسی مجلس شوریٰ کے نمونے قائم ہو چکے ہیں''۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ 31 مارچ 1995ء الفضل انٹرنیشنل 12 مئی 1995ء ص 7)

1922ء کی یہ مجلس شوری جو ایک باقاعدہ ادارہ کی پہلی کڑی تھی جماعت کی تاریخ میں ایک خاص اہمیت رکھتی ہے بالخصوص حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کا افتتاحی خطاب جس میں آپ نے مجلس شوری کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے طریق مشاورت، آداب شوریٰ، رائے دہندہ کے فرائض، ایجنڈا کے طریقہ کار اور شوریٰ کے فیصلے اور ان کی حیثیت کو بیان فرمایا ہے۔

آپ کی یہ افتتاحی تقریر جماعت احمدیہ کے نظام شوریٰ کے لئے بلاشبہ ایک چارٹر کی حیثیت رکھتی ہے اور حضور کی ان استعدادوں کا منہ بولتا ثبوت ہے جو ایک مصلح میں بدرجہ اتم پائی جانی چاہئیں۔

مجلس مشاورت کی ضرورت بیان کرتے ہوئے حضور نے فرمایا۔

''سب سے پہلے میں یہ بیان کرنا چاہتا ہوں کہ یہ مجلس جس کو پرانے نام کی وجہ سے کارکن کانفرنس کے نام سے یاد کرتے ہیں کیا چیز ہے قرآن کریم سے معلوم ہوتا ہے کہ...... کا یہ شیوہ ہے کہ امرھم شوریٰ بینھم اپنے معاملات میں مشورہ لے لیا کریں مشورہ بہت مفید اور ضروری چیز ہے اور بغیر اس کے کوئی کام مکمل نہیں ہو سکتا اس مجلس کی غرض کے متعلق مختصر الفاظ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ایسی اغراض جن کا جماعت کے قیام اور ترقی سے گہرا تعلق ہے ان کے متعلق جماعت کے لوگوں کو جمع کر کے مشورہ لے لیا جائے تا کہ کام میں آسانی پیدا ہو جائے یا ان احباب کو ان ضروریات کا پتہ لگے جو جماعت سے لگی ہوئی ہیں تو یہ مجلس شوری ہے۔'' (رپورٹ مجلس مشاورت 1922ء)

مجلس مشاورت کی اہمیت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے حضرت مصلح موعود نے ایک اور موقع پر فرمایا۔

''میں دیکھتا ہوں مجلس مشاورت جماعت میں بہت اہمیت اختیار کر رہی ہے اور ایسا ہی ہونا چاہئے۔......خلافت کا حکم قرآن میں ہے اور رسول کریم ﷺ اس کے متعلق کوئی حد بندی اپنی طرف سے نہیں کر سکتے تھے۔ بات یہی ہے کہ خلافت کبھی مفید نہیں ہو سکتی جب تک کہ اس کے ساتھ مشورہ نہ ہو تو خدا تعالیٰ کے نزدیک تو مجلس شوریٰ کو پہلے ہی اہمیت حاصل تھی مگر جماعت کی اس طرف توجہ کم تھی اب جماعت بھی اس کی اہمیت کو محسوس کر رہی ہے اور اس دفعہ دو تین جماعتوں کی طرف سے یہ سوال اٹھایا گیا ہے کہ فلاں نمائندہ ہو فلاں نہ ہو۔ پہلے یوں کہتے تھے کہ بھئی مجلس شوریٰ پر جانے کی کس کو فرصت ہے اگر کوئی کہتا کہ مجھے ہے تو اسے بھیج دیتے مگر اب کے جماعتوں کے نمائندوں کے انتخاب کئے گئے ہیں اور اچھے طریق پر کئے گئے ہیں اس بات پر بحث ہوئی ہے کہ کون نمائندہ بن کر جائے یہ ایک اچھی روح ہے''۔

(رپورٹ مجلس مشاورت 1928ء صفحہ 14)

شوریٰ کے اغراض و مقاصد

شوریٰ کے اغراض و مقاصد کے متعلق حضرت مسیح موعود اور خلفاء کرام کے چند حوالہ جات پیش ہیں۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

''افسوس ہے کہ بعض لوگ پہلے مشورہ نہیں لیتے۔ مشورہ ایک بڑی بابرکت چیز ہے۔

اس پر حضرت مولوی نور الدین صاحب نے عرض کیا کہ قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ خود اپنے رسول کو حکم دیتا ہے کہ وہ مشورہ کیا کرے تو پھر دوسروں کے لئے یہ حکم کس قدر زیادہ تاکیدی ہو سکتا ہے۔ جو اللہ کا رسول نہیں ہے خود جس کو اللہ تعالیٰ براہ راست بھی ہدایت دیتا ہے، ایسا شخص کیسے مشورہ سے احتراز کر سکتا ہے۔ آجکل لوگوں کا حال یہ ہے کہ یا تو مشورہ پوچھتے نہیں یا پوچھتے ہیں تو پھر مانتے نہیں۔ یہ بات میرے تجربہ میں بھی آئی ہے۔ یہ نامناسب حرکت ہے یا تو مشورہ لیا ہی نہ کریں لیکن جب مشورہ لیا کریں تو اس کو قبول کرنا آپ کے لئے ضروری ہے۔

حضرت صاحب نے فرمایا: ''تو پھر ایسی بات کی لوگ سزا بھی پاتے ہیں۔ ایسوں کے حالات سے زیادہ تر وہ لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو عبرت حاصل کریں''۔ (بدر 23/اپریل 1908ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں:

''قرآن شریف کا حکم ہے کہ اَمْرُھُمْ شُوْرٰی بَیْنَھُم۔ مشورہ کرنا ایسا پاک اصول ہے کہ اس کے ساتھ خدا تعالیٰ کی طرف سے نصرت اور برکت عطا ہوتی ہے''۔

(الحکم 10/اپریل 1908ء صفحہ 6۔ حقائق الفرقان جلد سوم صفحہ 549)

حضرت مصلح موعود نے مجلس مشاورت کے اغراض و مقاصد کو واضح کرتے ہوئے فرمایا:

''اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے ہمیں پھر توفیق دی کہ ہم ساری دنیا سے اختلاف رکھتے ہوئے آج اس لیے جمع ہوئے ہیں کہ باقی دنیا کو جو اپنی مادی ترقی کے لیے مشورے کرتی اور دنیوی ترقی کے لیے اپنے دماغوں کو خرچ کرتی ہے دین کی دعوت دیں اور روحانیت کی طرف متوجہ کریں۔ باقی دنیا صرف دنیا کے لیے جدوجہد کر رہی ہے لیکن ہم خدا کے فضل سے اس لیے جمع ہوئے ہیں کہ وہ نور و ہدایت اور وہ صداقت جو اللہ تعالیٰ نے دنیا کی ہدایت کے لیے بھیجی ہے اس کی ترقی کے لیے کوشش کریں، اس کی اشاعت کے لیے غور کریں اور اسے پھیلانے کے لیے تجاویز سوچیں اور ان کے ضمن میں جو مادی، تمدنی اور سیاسی باتیں پیدا ہوں ان پر غور کریں۔ لیکن اس لیے نہیں کہ اپنی ذات کے لیے کچھ حاصل کریں بلکہ اس لیے کہ ساری دنیا کو فائدہ پہنچائیں کیونکہ کوئی نبی کی جماعت ایسی نہیں ہو سکتی جس کے کسی کام کی غرض محض اپنی ذات کو فائدہ پہنچانا ہو بلکہ اس کی ہر کوشش اور ہر کام کی غرض یہ ہوتی ہے کہ دوسروں کو فائدہ پہنچائے۔ دوسروں کی مشکلات کو دور کرے اور دوسروں کی بہتری اور بھلائی مدنظر رکھے۔ پس ہم بھی اگر نبی کی جماعت بننا چاہتے ہیں تو ہماری تمام کوششیں اور تدبیریں ایسی ہونی چاہئیں کہ ان سے سب دنیا کو فائدہ پہنچے۔ قطع نظر اس کے کہ کوئی احمدی ہو یا غیر (از جماعت)، مسلم ہو یا غیر مسلم۔ سب کی خدمت اور سب کی بھلائی ہمارا فرض ہے کیونکہ مومن سب دنیا کا خدمت گزار ہوتا ہے۔

(رپورٹ مجلس مشاورت 1930ء صفحہ 2,1)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں:

''مشورہ صحیح وہی نہیں ہوا کرتا جو آخر میں منظور ہو جائے بلکہ ہر وہ مشورہ (خواہ وہ مانا جائے یا نہ مانا جائے) جو دیانتداری کے ساتھ، خلوص کے ساتھ، اور نیک نیتی کے ساتھ آپ پیش کرتے ہیں وہ صحیح مشورہ ہے۔ اور میں یہاں اس لئے حاضر ہوا ہوں کہ آپ کے مشوروں کو سننے کے بعد جب میں کسی نتیجہ پر پہنچوں اور کسی کام کے کرنے کا ارادہ اور عزم کروں تو محض اپنے رب پر توکل رکھتے ہوئے اور اس کی زندہ طاقتوں اور زندہ قدرتوں پر یہ امید رکھتے ہوئے کہ میری کوشش میں جو میں کروں یا کرواؤں، وہ برکت ڈالے گا۔ میں وہ عزم کروں اور دل میں دعا کروں کہ اللہ تعالیٰ ان نیک کاموں میں ہماری راہبری بھی کرے کیونکہ مشوروں میں جہاں اس کی ہدایت کی ضرورت ہے۔ وہاں عمل میں بھی اس کی ہدایت کی ضرورت ہے اور وہ ہماری حقیر کوششوں میں برکت ڈالے اور ان کے ایسے شاندار نتائج نکالے جو اس کی نگاہ میں بھی شاندار ہوں۔'' (رپورٹ مجلس مشاورت 1967ء صفحہ 6)

حضرت مرزا طاہر احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الرابع) فرماتے ہیں:

''جماعت احمدیہ میں مجلس مشاورت کا نظام نظام خلافت سے وابستہ اور اس پر منحصر ہے اور جماعت احمدیہ کے نزدیک خلیفۃ المسیح شَاوِرْ ھُمْ فِی الْاَمْرِ کے مخاطب کی حیثیت سے جب چاہے اور جس رنگ میں چاہے مشورہ کے لیے صائب الرائے احباب کو دعوت دے سکتا ہے۔

☆ ہر ایسے مشورہ کی ابتداء دعاؤں اور ذکر الٰہی کے ساتھ ہوتی ہے تا کہ فیصلہ کرتے وقت اللہ تعالیٰ کا خوف اور تقویٰ مدنظر رہے اور اس کی نصرت اور رہنمائی شامل حال رہے۔

☆ ہر وہ شخص جسے کوئی مشورہ پیش کرنا ہوا سے پوری آزادی ہے کہ باجازت صدر مجلس بے تکلفانہ رائے کا اظہار کرے۔ لیکن ضروری ہے کہ اس مشورہ میں اصل مخاطب حاضرین مجلس نہ ہوں بلکہ خلیفۃ المسیح ہوں۔ بعد مشورہ خلیفۃ المسیح کو پورا اختیار ہے کہ خواہ کثرت رائے کے مشورہ کو قبول کریں یا رد کر دیں۔ یہ جماعت کی مجلس مشاورت کے نظام کا اصولی خلاصہ ہے۔''

(سوانح فضل عمر جلد دوم صفحہ 193,192)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

''جماعت میں مجلس شوریٰ کا ادارہ نظام

جماعت اور نظام خلافت کے کاموں کی مدد کے لئے انتہائی اہم ادارہ ہے۔ اور حضرت عمرؓ کا یہ قول اس سلسلہ میں بڑا اہم ہے کہ لَاخِلَافَةَ اِلَّا بِالْمَشْوَرَةِ کہ بغیر مشورے کے خلافت نہیں ہے۔ اور یہ قول قرآن کریم کی ہدایت اور آنحضرت ﷺ کے اسوہ کے عین مطابق ہے۔ آپ ﷺ صحابہ سے ہر اہم کام میں مشورہ لیا کرتے تھے۔ لیکن جیسا کہ آیت سے واضح ہے مشورہ لینے کا حکم تو ہے لیکن یہ حکم نہیں کہ جو اکثریت رائے کا مشورہ ہو اسے قبول بھی کرنا ہے۔ اس لئے وضاحت فرما دی کہ مشورہ کے مطابق مشورہ کے مطابق یا اسے رد کرتے ہوئے، اقلیت کا فیصلہ مانتے ہوئے یا اکثریت کا فیصلہ مانتے ہوئے جب ایک فیصلہ کر لو، کیونکہ بعض دفعہ حالات کا ہر ایک کو پتہ نہیں ہوتا اس لئے مشورہ ردّ بھی کرنا پڑتا ہے۔ تو پھر یہ ڈرنے یا سوچنے کی ضرورت نہیں کہ ایسا نہ ہو جائے، ویسا نہ ہو جائے۔ پھر اللہ پر توکل کرو اور جس بات کا فیصلہ کر لیا اس پر عمل کرو۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ 24 مارچ 2006ء)

(الفضل انٹرنیشنل 14 / اپریل 2006ء)

حضرت مصلح موعود نے مجلس مشاورت کے فوائد بیان کرتے ہوئے فرمایا:

''اب میں شوریٰ کے فوائد بیان کرتا ہوں۔

1۔ کئی نئی تجاویز سوجھ جاتی ہیں۔

2۔ مقابلہ کا خیال نہیں ہوتا اس لیے لوگ صحیح رائے قائم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

3۔ یہ بھی فائدہ ہے کہ باتوں باتوں میں کئی باتیں اور طریق معلوم ہو جاتے ہیں۔

4۔ یہ بھی فائدہ ہے کہ باہر کے لوگوں کو کام کرنے کی مشکلات معلوم ہوتی ہیں۔

5۔ یہ بھی فائدہ ہے کہ خلیفہ کے کام میں سہولت ہو جاتی ہے۔ وہ بھی انسان ہوتا ہے اس کو بھی دھوکا دیا جاسکتا ہے۔ اس طرح معلوم ہو جاتا ہے کہ لوگوں کا رجحان کدھر ہے۔ یوں تو بہت نگرانی کرنی پڑتی ہے کہ غلط راستہ پر نہ پڑ جائیں۔ مگر جب شوریٰ ہو تو جب تک اعلیٰ درجہ کے دلائل عام رائے کے خلاف نہ ہوں لوگ ڈرتے ہیں کہ اس پر عمل کریں اور اس طرح خلیفہ کی نگرانی میں سہولت ہو جاتی ہے''۔

(رپورٹ مجلس مشاورت 1922ء صفحہ 16)

شوریٰ کی کارروائی کا طریق

مجلس مشاورت میں جو ایجنڈا پیش ہوتا ہے اس کی تیاری کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح کے ارشاد کے مطابق پرائیویٹ سیکرٹری صاحب سب سے پہلے صدر انجمن احمدیہ، تحریک جدید اور وقف جدید سے استصواب کرتے ہیں کہ اس سال شوریٰ کیلئے کون سی تاریخیں مناسب ہوں گی۔ چنانچہ تینوں انجمنوں کی طرف سے تاریخوں کی تعیین کی رپورٹیں خلیفہ وقت کی خدمت میں منظوری کے لئے پیش کی جاتی ہیں۔

تجاویز بھجوانے کے لئے یہ قاعدہ مقرر ہے کہ جس معاملہ کو شوریٰ میں پیش کرنا ہو اس کے متعلق ہر جماعت اپنے ہاں مقامی طور پر اجلاس عام میں ساری جماعت کی رائے معلوم کرنے کا اہتمام کرتی ہے پھر وہ اپنی تجاویز دفتر پرائیویٹ سیکرٹری کو ارسال کر دیتی ہیں۔ یہ تجاویز پرائیویٹ سیکرٹری صاحب صدر انجمن احمدیہ کو بھجوا دیتے ہیں صدر انجمن احمدیہ ان تجاویز پر غور کر کے اپنی رائے کے ساتھ انہیں حضرت خلیفۃ المسیح کی خدمت میں پیش کرتی ہے کہ اس کے نزدیک کونسی تجاویز اس سال کی مجلس شوریٰ میں پیش کرنے کے لائق ہیں اور کون سی قابل رد ہیں۔ یہ ردشدہ تجاویز شوریٰ کے اجلاس میں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تا کہ نمائندگان کو معلوم ہو کہ اس سال کس نوعیت کی تجاویز جماعتوں نے ارسال کی تھیں اور کون سی تجاویز کو صدر انجمن احمدیہ نے شوریٰ میں پیش کرنے کی رائے نہیں دی۔

حضرت مصلح موعود نے فرمایا:

''مجلس شوریٰ میں جو تجاویز پیش کی جائیں وہ ایسی ہوں جو عمل کے قابل ہوں ایسی نہ ہوں جن پر ہم عمل نہ کر سکتے ہوں خواہ مقدرت کی کمزوری کی وجہ سے، خواہ اس وجہ سے کہ حالات ان پر عمل کرنے کی اجازت نہ دیتے ہوں۔ خواہ اس وجہ سے کہ ان پر عمل کرنے سے کوئی فتنہ پیدا ہوتا ہو اور خواہ اس وجہ سے کہ ان سے بہتر تجاویز پہلے موجود ہوں۔''

(رپورٹ مجلس مشاورت 1941ء صفحہ 9 بحوالہ جماعت احمدیہ کا مشاورتی نظام صفحہ 280)

نمائندگان شوریٰ کی بنیادی شرائط

خدا کے فضل سے جوں جوں یہ مشاورتی ادارہ آگے بڑھتا گیا حضرت مصلح موعود نے نمائندگان شوریٰ کے انتخاب کو بعض شرائط کے ساتھ مشروط قرار دیا آپ نے مجلس شوریٰ کی غیر معمولی اہمیت کے پیش نظر یہ بھی ضروری سمجھا کہ مجلس شوریٰ میں تقویٰ شعار لوگوں کو منتخب ہو کر آنا چاہئے کیونکہ آپ سمجھتے تھے کہ اس کے بغیر اس میں اپنی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کی توفیق نہیں مل سکتی اس لئے آپ نے شوریٰ کی نمائندگی کے لئے تقویٰ اور اخلاص کو بنیادی شرط قرار دیا۔ حضور یہ چاہتے تھے کہ شوریٰ کا کوئی بھی نمائندہ محض لفاظی اور چرب زبانی سے کام لینے والا نہ ہو وہ نہ تو جھگڑالو اور نکتہ چینی کرنے والا ہو اور نہ اس کا دل تقویٰ اور طہارت سے خالی ہو۔ چنانچہ آپ نے ہمیشہ اس بات پر زور دیا کہ نمائندگان شوریٰ کے انتخاب میں تقویٰ اور پرہیزگاری، نیکی اور اخلاص کو مدنظر رکھا جائے آپ نے فرمایا وہی مشورے مفید اور نتیجہ خیز ہو سکتے ہیں جو دردمند دل کی آواز ہوتے ہیں اور تقویٰ میں ڈوب کر عاجزانہ دعاؤں کے ساتھ پیش کئے جاتے ہیں۔

(جماعت احمدیہ کا مشاورتی نظام صفحہ 143)

اگر کوئی احمدی دوست انفرادی طور پر کوئی تجویز شوریٰ میں پیش کرنے کیلئے بھجوائے تو وہ حسب قاعدہ شوریٰ میں پیش نہیں ہوگی اگرچہ شوریٰ میں پیش کی جانے والی تجاویز افراد ہی کی طرف سے آتی ہیں لیکن ان کی اجتماعی شکل بن جاتی ہے کیونکہ وہ جماعتوں یا منظم ادارہ جات کی طرف سے پیش کی جاتی ہیں انفرادی تجاویز بھی خلیفہ وقت کی طرف سے متعلقہ ادارہ کو اس نوٹ کے ساتھ بھجوا دی جاتی ہیں کہ اگر وہ تجاویز شوریٰ میں پیش ہونے کے قابل ہوں تو ادارہ اپنی طرف سے ان کو شوریٰ میں پیش کرنے کی سفارش کرے۔

(جماعت احمدیہ کا مشاورتی نظام صفحہ 284 تا 285)

سب کمیٹیوں کا تقرر

مجلس مشاورت کے افتتاحی اجلاس میں ایجنڈا پر تفصیلی غور کرنے اور تصفیہ طلب امور کے جملہ پہلوؤں کو سفارشات کی صورت میں سامنے لانے کے لئے شوریٰ کی سب کمیٹیاں مقرر کی جاتی ہیں۔ بعض دفعہ حضرت خلیفۃ المسیح سٹینڈنگ کمیٹیاں بھی مقرر فرما دیتے ہیں جو کسی مسئلہ پر سارا سال غور کر کے اگلی شوریٰ میں اپنی رپورٹیں پیش کرتی ہیں اگر ان کی رپورٹ پر کوئی فیصلہ نہ ہو سکے تو مزید غور جاری رہتا ہے تا کہ مفید نتیجہ سامنے آجائے۔

آخر میں خاکسار حضرت مصلح موعود کے ایک اقتباس پر اپنے مضمون کو ختم کرتا ہے۔ حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں۔

''ہماری جماعت کو سمجھنا چاہئے کہ ہماری مجلس شوریٰ کی عزت ان بنچوں اور کرسیوں کی وجہ سے نہیں ہے جو یہاں بچھائی گئی ہیں بلکہ وہ اس مقام کی وجہ سے ہے جو خدا تعالیٰ کے نزدیک اسے حاصل ہے بھلا کوئی کہہ سکتا ہے کہ محمد ﷺ کی عزت اس لباس کی وجہ سے تھی جو آپ پہنتے تھے۔ آپ کی عزت اس مرتبہ کی وجہ سے تھی جو خدا تعالیٰ نے آپ کو دیا تھا۔ اسی طرح آج بے شک ہماری یہ مجلس شوریٰ دنیا میں کوئی عزت نہیں رکھتی مگر وقت آئے گا جب دنیا کی بڑی سے بڑی پارلیمنٹوں کے ممبروں کو بھی وہ درجہ حاصل نہیں ہوگا جو اس کی ممبری کی وجہ سے حاصل ہوگا۔ کیونکہ اس کے ماتحت ساری دنیا کی پارلیمنٹیں آئیں گی پس **اس مجلس کی ممبری بہت بڑی عزت ہے اور اتنی بڑی عزت ہے کہ اگر بڑے سے بڑے بادشاہ کو ملتی تو وہ بھی اس پر فخر کرتا** اور وہ وقت آئے گا جب بادشاہ اس پر فخر کریں گے۔ پس ضرورت ہے کہ جماعت اس کی اہمیت کو اور زیادہ محسوس کرے اور ضرورت ہے کہ سال میں دو دفعہ ہوتا کہ مسائل پر غور کیا جاسکے''۔

(رپورٹ مجلس مشاورت 1928ء صفحہ 14)

اللہ تعالیٰ ہمیں مجلس شوریٰ کے دینی نظام کے ثمرات سے کماحقہ مستفیض ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

تبصرہ

تیس جواہرات

نام کتاب: تیس جواہرات

مرتبہ: داؤد احمد منصور مربی سلسلہ احمدیہ

صفحات: 196

ناشر: الحافظ پبلیکیشنز ربوہ

مکرم داؤد احمد منصور صاحب (مربی سلسلہ) کو بطور مربی سلسلہ احمدیہ پاکستان کی مختلف جماعتوں میں اور بیرون ملک غانا میں خدمت کی توفیق حاصل رہی ہے۔

آپ نے مختلف عناوین پر اس غرض کے لئے علمی مواد اکٹھا کیا ہے کہ احباب جماعت خصوصاً نوجوان نسل اس سے استفادہ کرے۔

زیر تبصرہ کتاب ''تیس جواہرات'' میں آپ نے 30 نہایت اہم موضوعات پر علمی مواد اکٹھا کر کے پیش کیا ہے۔ ہر موضوع ارشادات الٰہی، ارشادات رسول ﷺ، ارشادات حضرت مسیح موعود اور خلفائے احمدیت کے ارشادات سے مزین ہے۔ مختلف موضوعات کی مناسبت سے بہت سے روح پرور اور ایمان افروز واقعات بھی اس میں درج کئے گئے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ مختلف اشعار کا باترجمہ اور برمحل استعمال بھی بڑی خوبصورتی سے کیا گیا ہے۔ جو پڑھنے والوں کو جہاں بہت متاثر بھی کرتا ہے۔ وہیں ان کے ذوق کی تسکین بھی کرتا ہے۔ یہ سب مل کر اس کتاب کے حسن اور خوبصورتی کو چار چاند لگا رہے ہیں۔

روزمرہ زندگیوں کو سنوارنے اور نکھارنے کے لئے اور ایک باعمل، بامقصد اور کامیاب انسان بننے کے لئے جن بنیادی باتوں کی ضرورت ہے۔ انہیں دینی تعلیمات کی روشنی میں بڑی خوبصورتی سے بیان کیا گیا ہے۔

کتاب کا پیش لفظ مکرم وسیم احمد چیمہ صاحب مربی سلسلہ نے لکھا ہے۔

اس کتاب میں جو تعلیمی، علمی اور تربیتی مواد اکٹھا کر کے پیش کیا گیا ہے۔ وہ احباب جماعت اور خاص طور پر نوجوانوں کے لئے بہت کارآمد اور مفید ہے۔ اس کے علاوہ درس و تدریس اور مختلف موضوعات پر تقاریر کی تیاری کے ضمن میں بھی یہ کتاب اہمیت کی حامل ہے۔ یقیناً ایسی مفید اور بامقصد کتابوں کی ہر گھر میں ضرورت رہتی ہے۔ اللہ تعالیٰ مصنف کو جزائے خیر عطا فرمائے اور اپنے فضل سے اس کی اشاعت فائدہ کا موجب بنائے۔ آمین

(عبدالصمد قریشی صاحب)

☆ ☆ ☆

ماخوذ

چکھنے اور سونگھنے کی قوتیں

